فلمستان کا شاہکار

پئینگ گیسٹ

[illegible]

اداکاران
نوتن - دیوآنند - شبھا کھوٹے
اور
یعقوب

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

ہینگ گیرٹ کے گانے

گانا نمبر ۱

کشور - مانا جناب نے پکارا نہیں۔ کیا میرا ساتھ بھی گوارا نہیں
مفت میں بن کے چل دیئے تن کے
ڈلا جواب تمہارا نہیں - یاروں کا چلن ہے غلامی
دینے ہیں حسینوں کو سلام
غصہ نہ کیجئے جا... بھی دیجئے
بندگی تو بندگی تو لیجئے صاحب
ٹوٹا پھوٹا دل یہ ہمارا - جیسا بھی ہے اب ہے تمہارا
ادھر دیکھئے نظر پھینکئے
دل لگی نہ دل لگی نہ کیجئے صاحب
ماشاالله کہنا تو مانا - بن گیا بگڑا زمانہ
تم کو ہنسا دیا پیار سکھا دیا
شکریہ تو شکریہ تو کیجئے صاحب

گانا نمبر ۲

آہا ہا ادی - لی لی لا ادی
مزا آگیا
گئے گھبرا کے دل - دو دھڑکتے سے دل
بچنا مزا ادھر چاہا
آہا ہا مزا آگیا

کیسا جادو سا اِک حسیں نے
میرا دل چھینا دل لگی نے
آنکھوں آنکھوں میں ہائے کسی نے ایسا نشہ پلایا
آہاہا مزا آگیا
کھڑی تھی میں تو دل کو روکے
بڑے پیارے تھے اُن کے دھوکے
ملے پہلے تو دور رہ کے پھر پاس یوں بلایا
آہاہا مزا آگیا
میرے تن من کا ڈگمگانا
وہ پسینے میں ڈوب جانا
کچھ نہ کہنا اور لجانا
کچھ بھی نہ کام آیا ۔ آہاہا مزا آگیا

گانا نمبر ۳

لڑکی:- چھوڑ دو آنچل زمانہ کیا کہے گا۔ [redacted]
لڑکا:- ان اداؤں کا زمانہ بھی ہے دیوانہ
دیوانہ کیا کہے گا
لڑکی:- میں چلی اب خوب چھیڑ دو پیار کے افسانے
کچھ موسم ہے دیوانہ کچھ تم بھی ہو دیوانے
لڑکا:- ذرا سُننا جانِ تمنا — اتنا تو
سوچئے موسم سُہانا کیا کہے گا
لڑکی:- چھوڑ دو آنچل....

کیوں نہ دیکھو جاگ جائے پیار کی انگڑائی
یہ رستہ یہ تنہائی تو دل نے ٹھوکر کھائی

کا۔ یہی دن ہیں مستی کے سین ہیں
کسی کو یہ ہوش ہے اپنا بیگانہ کیا کہے گا

کی۔ چھوڑ دو آنچل ....

یہ بہاریں یہ پھواریں یہ برستا ساون
تھر تھر کانپے ہے تن من میری بتیا دھر لو ساجن

کا۔ اجی آنا دل میں سمانا
اک دل اک جان ہیں ہم تم
زمانہ کیا کہے گا

ی۔ چھوڑ دو آنچل

گانا نمبر ۵

او نگاہیں مستانی ۔ دیکھ سماں ہے سہانا
تیر دل پہ چلا کے ۔ ہاں ذرا جھک جانا
کوئی دیکھے نشیلی آنکھیں مل مل کے
دل کہے ہے نہ دیوانہ
شمع کرے ہے اشارے جب جل جل کے
کہو کیا کرے پروانہ
او نگاہیں .....

دامن نہ بچانا میرے ہاتھوں سے
ارماں کے گلے سے لگ جانا

جلیں چاند ستارے جن باتوں سے
سُن جب وہی افسانہ ۔ اونگا ہیں....
بستی کے دیئیوں کو بُجھ جانے دو
لہرا کے نہ رُک رُک جانا
چاہت کا لبوں پے نام آنے دے
یہی پیار کا ہے زمانہ ۔ اونگا ہیں...

گانا نمبر ۵

شمع جلتی ہے جلے رات ڈھلتی ہے ڈھلے
چھوڑ کے ایسی محفل ہم نہیں جانے والے
ہائے ہائے یہ نگاہیں
کر دیں شرابی جسے چاہیں ۔ جسے چاہیں
مَیں تو بھول گیا راہیں
رات حسیں ہے جواں ہے نظارے
جھوم چلے ہم دل کے سہارے
آج کوئی ہم کو نہ پُکارے
مے کی بوتل جیسی باہیں ۔ ہائے ہائے...
یوں جو سماں بہکا بہکا
ہو ۔ ہم بھی ذرا بہکیں تو مزا ہو
آنکھ پیئے اور دل کو نشہ ہو
یہ اشارے یہ ادائیں ۔ مے کی بوتل...
ہائے ہائے...

یاد نہیں میرا پیار ہی ہے۔ یا منزل اور کہیں ہے۔
دیکھو مجھے کچھ ہوش نہیں ہے
توبہ تو یہ نگاہیں ۔۔ ہے کی ہونٹ ۔۔۔۔۔۔ ہائے ہائے ۔۔
گانا نمبر ۵ ۔ چاند پھر نکلا مگر تم نہ آئے
جلا پھر میرا دل کروں کیا میں ہائے
یہ رات کہتی ہے وہ دن گئے تیرے ۔ یہ جانتا ہے دل کہ تم نہیں میرے
کھڑی ہوں میں پھر بھی نگاہیں بچھائے
میں کیا کروں ہائے کہ تم یاد آئے ۔۔۔ چاند پھر۔۔۔
سلگتے سینے سے دھواں اٹھتا ہے ۔ لو اب چلے آؤ کہ دم گھٹتا ہے
جلا گئے تن کو بہاروں کے سائے ۔ میں کیا کروں ۔۔ چاند پھر۔۔
گانا نمبر ۶
۔ چھپتے چھپتے رکتے رکتے میں نے دیکھا تو نے دیکھا
جادو کوئی چل ہی گیا
وہ بھیگی بھیگی سی پلکیں ۔ وہ لالی ہر پل تھی
مجھے وہ اب تک یاد ہے رات گلشن کی
چاندنی سنتی راگنی سنتی میں نے دیکھا
رات کے سپنوں کی کچھ نہ کہنا
ہاتھ میرا تھام کے ذرا رک جانا
چھپ چھپ جانا

ختم شد

عشرت شباب

یہ لاجواب کتاب جسے دہلی کے مشہور حکیم اجمل خاں صاحب کے والد بزرگوار حکیم محمود خاں صاحب نے نوجوانوں پر رحم فرما کر تصنیف کی ہے۔ جس نے اس کتاب کا ایک صفحہ بھی بغور پڑھا۔ دل و جان سے اسکا والا و شیدا بنگیا۔ اس کتاب میں حکیم صاحب نے اپنی تمام عمر کا تجربہ بغیر کسی بخل کے درج کر دیا گیا ہے۔ نوجوانوں کیلئے مستورات کے بارے میں وہ وہ معلومات و ہدایات درج فرمائی ہیں جنہیں یہاں لکھنے کی قانون اجازت نہیں دیتا۔

قیمت صرف ۱-۱-۰ محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کیگئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں مثلاً بش شرٹ۔ لیڈیز کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی دیکھو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملے گا۔

قیمت صرف ۰-۱-۳ محصولڈاک معاف

فیشن بک

زنانے مردانے تقریباً ۲۰۰ ڈیزائن فوٹو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپوائے گئے ہیں۔ جسے دیکھکر گاہک من مانا کپڑا سلوا سکتا ہے۔ ہر دوکاندار کے پاس اس کا ہونا ضروری ہے۔

قیمت صرف ۱۴۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)